نے اور کھولنے کی دُعا
(دُوسروں کیلئے)
متی 18:18 - 19

مَیں تُم سے سچ کہتا ہُوں کہ جو کُچھ تُم زمِین پر باندھو گے وہ آسمان پر بندھیگا اور جو کُچھ تُم زمِین پر کھولو گے وہ آسمان پر کھُلے گا۔ پھر مَیں تُم سے کہتا ہُوں کہ اگر تُم میں سے دو شَخص زمِین پر کِسی بات کے لِئے جِسے وہ چاہتے ہوں اِتفاق کریں تو وہ میرے باپ کی طرف سے جو آسمان پر ہے اُن کے لِئے ہو جائے گی۔

ائے خُداوند، ہم ----------کیلئے تیرا شُکر ادا کرتے ہیں۔ ہم تیرا شُکر ادا کرتے ہیں کہ تُو اِس کی زندگی میں کام کرتا رہا ہے اور کہ تُو اِس کی زندگی میں کام کرنا جاری رکھے گا۔ ہم تیرے پیار کیلئے شُکر ادا کرتے ہیں جو تُو نے ----------پر ظاہر کیا ہے، اُن منصوبوں کیلئے جو تُو نے اِس کیلئے تیار کر رکھے ہیں اور کہ تُو کبھی اِس کا ساتھ نہیں چھوڑے گا۔ **آمین۔**

یسوع مسیح کے نام میں، ہم ----------کے بدن، جان، رُوح، ذہن اور جذبات کو خُدا کی مرضی اور مقاصد کیلئے باندھتے ہیں۔ ہم ---------- کو خُدا کی سچائی اور یسوع مسیح کے تکمیل کردہ کام کیلئے باندھتے ہیں۔ ہم اِس کے خیالات کو یسوع مسیح کے خیالات کیساتھ باندھتے ہیں کہ یہ اُن خیالات ، جذبات اور مقاصد کی شراکت کرسکے جو یسوع کے خُود اپنے دل میں ہے۔ **آمین۔**

ہم ---------- کے پاؤں کو سچائی کے راستے کیلئے باندھتے ہیں کہ اِس کے قدم مضبوط اور یقینی ہُوں۔ ہم اِس کو اُس رحم، فضل، پیار، مُعافی اور شخصی قُربانی کیلئے باندھتے ہیں جو مسیح کی صلیب میں پائے جاتے ہیں۔ ہم ---------- کے اندر سے ہر قدیم اور بُرے اَفکار کے انداز کو کھولتے ہیں اور اِس کیساتھ ساتھ ہر غلط اعتقاد، رویئے، خواہش، ترغیب، عادت اور اطوار کو بھی۔ ہم باندھتے ہیں اور ہر رُوحانی اَٹوٹ انگ کو نیچے لاتے ہیں جو اِس میں اِن رویوں سے مُنسلک ہیں۔ ہم ---------- میں معاف نہ کرنے، خوف، انتشار اور بے اعتمادی کی رُوح کو باندھتے ہیں۔ اِس کے علاوہ، ہم ---------- کے اندر کسی قسم کی خُود اعتمادی، انکار، غلبے، دُوسروں کے استحصال ، طنز اور تکبُر کو بھی باندھتے ہیں۔ **آمین۔**

ہم ---------- کے اندر کسی بھی اور اُن تمام نتائج کو باندھتے ہیں جو دھوکہ یا فریب کھائے جانے کے سبب سے ہُوئے ہوں ، نیز جھُوٹ اور خام عقائد کے سبب سے ہوں۔ ہم اِس کے ذہن کو انتشار اور اندھیرے سے کھولتے ہیں جو دُنیا اِس پر لاتی ہے کہ یہ خُداوند یسوع کی روشنی کو واضح طور پر دیکھ سکے۔ خُداوند یسوع کا ہر بیش قیمت کلمہ جو ---------- کے دماغ اور دل میں داخل ہو چُکا ہے اِس میں دن اور ہفتہ بھر پاک رُوح کے فضل سے زندہ رہے اور مضبوطی پائے ۔ **آمین۔**

نے اور کھولنے کی دُعا
(دُوسروں کیلئے)
متی 18:18 - 19

مَیں تُم سے سچ کہتا ہُوں کہ جو کُچھ تُم زمِین پر باندھو گے وہ آسمان پر بندھیگا اور جو کُچھ تُم زمِین پر کھولو گے وہ آسمان پر کھُلے گا۔ پھر مَیں تُم سے کہتا ہُوں کہ اگر تُم میں سے دو شَخص زمِین پر کِسی بات کے لِئے جِسے وہ چاہتے ہوں اِتفاق کریں تو وہ میرے باپ کی طرف سے جو آسمان پر ہے اُن کے لِئے ہو جائے گی۔

ائے خُداوند، ہم ----------کیلئے تیرا شُکر ادا کرتے ہیں۔ ہم تیرا شُکر ادا کرتے ہیں کہ تُو اِس کی زندگی میں کام کرتا رہا ہے اور کہ تُو اِس کی زندگی میں کام کرنا جاری رکھے گا۔ ہم تیرے پیار کیلئے شُکر ادا کرتے ہیں جو تُو نے ----------پر ظاہر کیا ہے، اُن منصوبوں کیلئے جو تُو نے اِس کیلئے تیار کر رکھے ہیں اور کہ تُو کبھی اِس کا ساتھ نہیں چھوڑے گا۔ **آمین۔**

یسوع مسیح کے نام میں، ہم ----------کے بدن، جان، رُوح، ذہن اور جذبات کو خُدا کی مرضی اور مقاصد کیلئے باندھتے ہیں۔ ہم ---------- کو خُدا کی سچائی اور یسوع مسیح کے تکمیل کردہ کام کیلئے باندھتے ہیں۔ ہم اِس کے خیالات کو یسوع مسیح کے خیالات کیساتھ باندھتے ہیں کہ یہ اُن خیالات ، جذبات اور مقاصد کی شراکت کرسکے جو یسوع کے خُود اپنے دل میں ہے۔ **آمین۔**

ہم ---------- کے پاؤں کو سچائی کے راستے کیلئے باندھتے ہیں کہ اِس کے قدم مضبوط اور یقینی ہُوں۔ ہم اِس کو اُس رحم، فضل، پیار، مُعافی اور شخصی قُربانی کیلئے باندھتے ہیں جو مسیح کی صلیب میں پائے جاتے ہیں۔ ہم ---------- کے اندر سے ہر قدیم اور بُرے اَفکار کے انداز کو کھولتے ہیں اور اِس کیساتھ ساتھ ہر غلط اعتقاد، رویئے، خواہش، ترغیب، عادت اور اطوار کو بھی۔ ہم باندھتے ہیں اور ہر رُوحانی اَٹوٹ انگ کو نیچے لاتے ہیں جو اِس میں اِن رویوں سے مُنسلک ہیں۔ ہم ---------- میں معاف نہ کرنے، خوف، انتشار اور بے اعتمادی کی رُوح کو باندھتے ہیں۔ اِس کے علاوہ، ہم ---------- کے اندر کسی قسم کی خُود اعتمادی، انکار، غلبے، دُوسروں کے استحصال ، طنز اور تکبُر کو بھی باندھتے ہیں۔ **آمین۔**

ہم ---------- کے اندر کسی بھی اور اُن تمام نتائج کو باندھتے ہیں جو دھوکہ یا فریب کھائے جانے کے سبب سے ہُوئے ہوں ، نیز جھُوٹ اور خام عقائد کے سبب سے ہوں۔ ہم اِس کے ذہن کو انتشار اور اندھیرے سے کھولتے ہیں جو دُنیا اِس پر لاتی ہے کہ یہ خُداوند یسوع کی روشنی کو واضح طور پر دیکھ سکے۔ خُداوند یسوع کا ہر بیش قیمت کلمہ جو ---------- کے دماغ اور دل میں داخل ہو چُکا ہے اِس میں دن اور ہفتہ بھر پاک رُوح کے فضل سے زندہ رہے اور مضبوطی پائے ۔ **آمین۔**

خُداوند یسوع کے نام میں، ہم ہر منفی بات کے اثر کو باندھتے ہیں جو اِس سے کہی گئی ہے ، یا اِس نے کہی ہے یا اِس کی بابت کہی گئی ہے۔ ہم ---------- کو اُن تمام شکنجوں سے کھولتے ہیں جو اِس کے، اِس کے آباؤاجداد اور دُوسروں کے گُناہوں اور خطاؤں کا نتیجہ ہیں۔ خُداوند یسوع مسیح کے نام میں، ہم ---------- کو اِس کے آباؤاجداد کی طرف سے آنے والی لعنتوں اور تمام قیدوں سے کھولتے ہیں ، اور ہم اعلان کرتے ہیں کہ یہ لعنتیں ---------- پر اور اِس کے خاندان پر کسی طور بھی اثر انداز نہ ہوں۔آمین۔

یسوع مسیح کے نام سے ہم شیطان کو زنجیروں سے باندھتے ہیں تا کہ ---------- ہر قسم کی معاشی اور رُوحانی برکات پھر سے حاصل کر سکے جو اِس سے چھینی گئی تھیں۔ ہم ---------- کے بدن، جان، رُوح ، دماغ اور جذبات کو شیطان کے اثرات سے کھولتے ہیں۔ ہم ہر کسی کی چال اور ٹھوکر دینے والوں کو ہلاک کرتے ہیں جو شیطان نے اِس کے راستے میں رکھے ہیں۔آمین۔

ہم اِن تمام باتوں کو ہمارے خُداوند اور نجات دہندہ یسوع مسیح کے نام میں کھولتے اور باندھتے ہیں۔ ہم خُدا کی تمجید کرتے ہیں کہ خُداوند یسوع مسیح نے ہمیں ایسا کرنے کا اختیار اور کُنجیاں دی ہیں۔ خُداوند ، ہم اِن سچائیوں کیلئے تیرا شُکر ادا کرتے ہیں جو تُو نے بائبل میں ہم پر واضح کی ہیں۔

اب سے لیکر، ہم خُداوند کی قُدرت اور جلال کا ---------- پر اعلان کرتے ہیں۔ خُداوند ---------- کے گردا گرد آگ کی باڑ کی مانند ہو اور یہ خُداوند کی حضوری اور حفاظت کو محسوس کرسکے، ہم اِس سب کیلئے خُداوند یسوع مسیح کے قادر نام میں دُعا مانگتے ہیں۔ آمین۔

خُداوند یسوع کے نام میں، ہم ہر منفی بات کے اثر کو باندھتے ہیں جو اِس سے کہی گئی ہے ، یا اِس نے کہی ہے یا اِس کی بابت کہی گئی ہے۔ ہم ---------- کو اُن تمام شکنجوں سے کھولتے ہیں جو اِس کے، اِس کے آباؤاجداد اور دُوسروں کے گُناہوں اور خطاؤں کا نتیجہ ہیں۔ خُداوند یسوع مسیح کے نام میں، ہم ---------- کو اِس کے آباؤاجداد کی طرف سے آنے والی لعنتوں اور تمام قیدوں سے کھولتے ہیں ، اور ہم اعلان کرتے ہیں کہ یہ لعنتیں ---------- پر اور اِس کے خاندان پر کسی طور بھی اثر انداز نہ ہوں۔آمین۔

یسوع مسیح کے نام سے ہم شیطان کو زنجیروں سے باندھتے ہیں تا کہ ---------- ہر قسم کی معاشی اور رُوحانی برکات پھر سے حاصل کر سکے جو اِس سے چھینی گئی تھیں۔ ہم ---------- کے بدن، جان، رُوح ، دماغ اور جذبات کو شیطان کے اثرات سے کھولتے ہیں۔ ہم ہر کسی کی چال اور ٹھوکر دینے والوں کو ہلاک کرتے ہیں جو شیطان نے اِس کے راستے میں رکھے ہیں۔آمین۔

ہم اِن تمام باتوں کو ہمارے خُداوند اور نجات دہندہ یسوع مسیح کے نام میں کھولتے اور باندھتے ہیں۔ ہم خُدا کی تمجید کرتے ہیں کہ خُداوند یسوع مسیح نے ہمیں ایسا کرنے کا اختیار اور کُنجیاں دی ہیں۔ خُداوند ، ہم اِن سچائیوں کیلئے تیرا شُکر ادا کرتے ہیں جو تُو نے بائبل میں ہم پر واضح کی ہیں۔

اب سے لیکر، ہم خُداوند کی قُدرت اور جلال کا ---------- پر اعلان کرتے ہیں۔ خُداوند ---------- کے گردا گرد آگ کی باڑ کی مانند ہو اور یہ خُداوند کی حضوری اور حفاظت کو محسوس کرسکے، ہم اِس سب کیلئے خُداوند یسوع مسیح کے قادر نام میں دُعا مانگتے ہیں۔ آمین۔